سیدنا غوثِ اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے فضائل و کرامات کا اوّلین مستند مجموعہ

قلائد الجواہر فی مناقب شیخ عبد القادر گیلانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ

کا اردو ترجمہ

غوثِ جیلانی



تصنیف

علامہ محمد بن یحییٰ تاذفی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ

نوریہ رضویہ پبلی کیشنز 11 گنج بخش روڈ۔ لاہور

فون: 7313885

سیدنا غوثِ اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے فضائل و کرامات کا اوّلین مستند مجموعہ

قلائد الجواہر فی مناقب شیخ عبد القادر گیلانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ

کا اردو ترجمہ

غوثِ جیلانی

تصنیف

علامہ محمد بن یحییٰ تاذفی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ

ترجمہ: علامہ محمد عبد الستار قادری

ترتیب و تدوین: سید محمد صداقت رسول

نوریہ رضویہ پبلی کیشنز۔ ۱۱۔ گنج بخش روڈ۔ لاہور
فون: ۷۳۱۳۸۸۵

تزئین و اہتمام

سید شجاعت رسول قادری

نام کتاب ——— قلائد الجواہر فی مناقب شیخ عبدالقادرؒ

مصنف ——— علامہ محمد بن یحییٰ التازفیؒ

مترجم ——— علامہ مولانا عبدالستار قادری

کمپوزنگ ——— words maker Lhr.

بار سوم ——— فروری 2002ء

تعداد ——— 1100

مطبع ——— اشتیاق اے مشتاق پرنٹرز لاہور

قیمت ——— 120 روپے

ملنے کا پتہ

نوریہ رضویہ پبلیکیشنز

11 گنج بخش روڈ لاہور فون 7313885

مکتبہ نوریہ رضویہ

گلبرگ اے فیصل آباد فون 626046

رسول اللہ ﷺ کا آپ کو خلعت پہنانا

حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ میں نے بغداد میں رسول اللہ ﷺ کو دیکھا، میں اس وقت تخت پر بیٹھا ہوا تھا اور آپ سوار تھے اور آپ کی ایک جانب میں حضرت موسیٰ علیہ السلام تھے۔ آپ نے فرمایا: موسیٰ تمہاری امت میں بھی کوئی ایسا شخص ہے؟ آپ نے فرمایا: نہیں، پھر جناب سرور کائنات علیہ الصلوۃ والسلام نے مجھ سے فرمایا: عبدالقادر! میں آپ کی خدمت میں حاضر ہوا۔ آپ اس وقت ہوا میں تھے۔ آپ نے مجھ سے معانقہ کیا۔ اس کے بعد آپ نے مجھے خلعت پہنایا اور فرمایا یہ میں نے تمہیں خلعت قطبیت پہنایا ہے، پھر آپ نے میرے منہ میں تین دفعہ تھتکارا اور مجھے اپنی جگہ واپس کردیا، اس کے بعد منبر پر بیٹھ کر میں مندرجہ ذیل اشعار پڑھنے لگا۔

ساشربها فی کل دیر وبیعته
واظهر للعاشق دینی و مذهبی

ہر ایک دیر و کنیسہ میں جاکر میں عشق الٰہی کا جام پیوں گا اور تمام عشاق پر اپنا دین و مذہب ظاہر کروں گا۔

واضرب فوق السطح بالدف جلوة
لکا ساتها لا فی الزوایات مخبتی

میں سب کے سامنے بالاخانہ پر بیٹھ کر نوبت بجا کر اس کا اعلان کروں گا اور کونوں میں بیٹھ کر خود ہی پی لوں گا۔

خضر الحسینی الموصلی نے بیان کیا ہے کہ میں نے شیخ قضیب البان موصلی سے سنا کہ آپ فرمایا کرتے تھے کہ حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ اس وقت اہل طریقت و محبت کے پیشوا، سالکوں کے مقتدا، امام صدیقین، حجۃ العارفین و صدر المقربین ہیں۔

آپ کا قدم ہر ولی کی گردن پر ہے

حافظ ابوالعز عبدالمغیث بن حرب البغدادی نے بیان کیا ہے کہ ہم لوگ حضرت